Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

16 مارچ، 2020

عزیزی اہلِ خانہ
ہم سب کرونا وائرس کے خطرے سے اپنی براریوں کو محفوظ اور تندرست رکھنے کے لیے کام کرتے ہوئے ایک انوکھے دور سے گذر رہے ہیں۔ نیو یارک کے باشندے دنیا بھر کے شہروں، ریاستوں اور قوموں کے لاکھوں افراد کے ساتھ ایسے فیصلوں میں شراکت دار ہو رہے ہیں جن کا سامنا ہم نے پہلے کبھی بھی نہیں کیا ہے – نہ ہی کبھی ان کا سامنا کرنے کا تصور کیا تھا۔

یہاں نیو یارک میں، میئر de Blasio اور میں نے یہ بات واضح کر دی ہے کہ ہمارے اسکول کے نظام میں کوئی بھی تبدیلی جیسا کہ ہم جانتے ہیں ایک سنگین اقدام – آخری چارہ ہو گا۔ ہم دن بہ دن، گھنٹہ بہ گھنٹہ، منٹ بہ منٹ نیو یارک شہر میں پھیلاؤ کی نگرانی کر رہے ہیں۔ اس ہفتہ / اتوار (ویک اینڈ)، یہ بات واضح ہو گئی تھی کہ اس وقت ہمارے اسکول کی عمارتوں میں عوامی تعلیم کو جاری رکھنا مزید قابلِ عمل نہیں تھا۔

اتوار کو، ہم نے اعلان کیا تھا کہ اگلے ساڑھے تین ہفتوں کے لیے، ہم اسکول کی عمارتوں کے لیے 20 اپریل، 2020 کے ہفتے میں کھلنے کی توقع کے ساتھ، گھر سے تعلیم دینے (ریموٹ لرنگ) نمونے کا استعمال کریں گے۔ میں جانتا ہوں کہ یہ بہت ہی اچانک محسوس ہو گا، اور یہ آپ کی زندگیوں میں ممکنہ خلل ڈالنے کی وجہ بن سکتا ہے۔ ہم اس پورے دورانیے میں آپ کے ساتھ مسلسل اور واضح موصلات کرنے کے لیے اور اگلے اقدامات کے واضح فہم مہیا کرنے کے لیے پابند عہد ہیں۔

ہمارے آج کے اعلان کا مطلب ہے کہ بروز پیر، 16 مارچ کو ہمارے اسکول کی عمارتیں بند ہوں گی اور طلبا کے لیے اسکول نہیں ہو گا۔ البتہ، طلبا اور اہل خانہ کوئی بھی دوائیاں لے جا سکتے ہیں یا کوئی بھی معیاری طبی خدمات کو منگل تا جمعرات کو اسکول کے معمول کے اوقات کار میں موصول کر سکتے ہیں، اسکول نرس اور اسکول میں قائم طبی مرکز کا عملہ جائے وقوع پر موجود ہو گا۔ اس دوارنیے میں، اساتذہ سے اپنی عمارتوں میں آنے اور گھر سے تعلیم دینے کے ایک مکمل دن کے پیشہ ورانہ فروغ کو موصول کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔

بعد میں اس ہفتے کے دوران، حسبِ ضرورت گھر سے تعلیم حاصل کرنے کے لیے طلبا مواد کو لے جانے کا آغاز کریں گے بشمول ٹکنالوجی کے۔ آپ کے ساتھ اس پر مزید رہنمائی کا اشتراک اگلے چند دنوں میں کیا جائے گا۔ اس پورے ہفتے کے دوران، ہر اسکول کی عمارت کے داخلے پر، صبح 7:30 تا دوپہر 1:30 بجے تک، آئیں اور ناشتا لے جائیں کی سہولت دستیاب ہو گی۔

پیر، 23 مارچ کو شہر کے ہنگامی صورت میں سب سے پہلے مدد کرنے والے افراد (فرسٹ رسپانڈرز)، طبی نگہداشت فراہم کرنے والے کارکنان، ذرائع نقل و حمل (ٹرانزیٹ) کے ملازمین اور ہماری سب سے زیادہ خطرے سے دوچار آبادی کے بچوں کو خدمات فراہم کرنے کے لیے ہم شہر بھر میں بہتری کے متعدد درجن علاقائی مراکز کو کھولیں گے۔

اس پیر کو ہم گریڈ کنڈر گارٹن تا 12 کو گھر سے تعلیم (ریموٹ لرنگ) دینے کا آغاز بھی کریں گے۔ مجھے نیو یارک شہر کے معلمین پر پورا بھروسہ ہے اور میں جانتا ہوں کہ یہ اس موقع پر اپنے فرض پر پورا اتریں گے، اور یہ گھر سے اعلی معیار کی تعلیم فراہم کرنے کے اسی جذبے کے ساتھ پر عظم ہوں گے جو یہ اپنے کلاس روم میں رکھتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے اسکولوں میں نہایت پُر عظم عملے ہیں:اساتذہ، عمارت کے نگراں، منتظمین، اور خاص طور پر اسکول کا کھانا (اسکول فوڈ) فراہم کرنے والے کارکنان جوشہر پیما کھانے کے پروگرام کے حصے کے طور پر اس دوران کام کرنا جاری رکھیں گے۔ اس پروگرام کے آغاز کے بارے میں مزید معلومات جلد ہی فراہم کی جائیں گی۔

میں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ بند کرنا نہیں ہے، یہ ایک تبدیلی ہے۔ ہم اپنے طلبا کے لیے توقعات مین کمی نہیں کریں گے۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ تعلیم حاصل کرنے کے لیے بےتاب ہیں اور ہم گھر سے کام کرنے کے مواد کے ساتھ بشمول ہمارے گھر سے تعلیم دینے کے نمونے کی معاونت کرنے والے آلات کی تقسیم کے ذریعے ہم ان کے تجسس کا جوڑ کریں گے۔

ذیل پر ہر گریڈ کی سطح کے مضامین کے لیے تعلیمی وسائل پہلے سے ہی دستیاب ہیں schools.nyc.gov/learnathome۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

ہم جانتے ہیں کہ یہ ایک مشکل کی گھڑی ہے، اور ہم ہمارے شہر کی جانب سے خاندانوں کی ہر طرح معاونت کو جاری رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے انتھک محنت کر رہے ہیں۔ میں خاندانوں کی یقین دہانی کروانا چاہتا ہوں ہم سے جتنا بھی ممکن ہو سکے گا ہم اس تبدیلی کے نفاذ کو سہل بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔

یہ ایسا وقت ہے جس میں ہم سب کو مل کر نیو یارک شہر کے مکینوں کی صحت اور تحفظ کی بہتری کے لیے مل کر کام کرنا ہے۔ ہم آپ کے ساتھ ہیں، دنیا کے عمدہ ترین شہر کو تعلیم دینے میں شراکت دار ہیں۔ ہمارے پاس دنیا کے قابل ترین طلباء، معلمین اور عملہ ہے – اور اس کو کوئی چیز نہیں بدل سکتی ہے۔

ہم آنے والے دنوں میں آپ کے ساتھ مواصلات کو جاری رکھیں گے، اور ہم آپ کی مزید معلومات اور اس تبدیلی کی تازہ ترین خبروں کے لیے https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/coronavirus-update پر جانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

تہہ دل سے

Richard A. Carranza
چانسلر
نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم